4838-وہ خود تو محتاج ہے اوراس کا بھائی گلوکار ہے

سوال

میرا بھائی گانے بجانے کا کام کرتا ہے اس کے پاس اس کے علاوہ کوئی اور کام نہیں ، اور میں بھی کام کرنے کی سکت نہیں رکھتا والد صاحب فوت ہوچکے ہیں توکیا میرے لیے اپنے بھائی کا مال کھانا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا توانہوں نے جواب دیا :

جی ہاں جب تک آپ ضرورت مند ہیں اس کے مال سے کھا سکتے ہیں اوراس پر بھی واجب ہے کہ وہ آپ پر خرچ کرے ۔ انتھی ۔

لھذا آپ بقدر ضرورت مال لے سکتے ہیں اس سے زائد لینا جائز نہیں ، اور آپ اسے یہ بھی نصیحت کریں کہ وہ یہ حرام کام ترک کرکے اور کوئی کام کرے اور آپ اسے اس کا شرعی حکم بھی بیان کریں کہ موسیقی اور گانا بجانا حرام ہے اور حرام کام میں مشارکت کرنا بھی گناہ و معصیت ہے اوراس میں تعاون کرنا بھی معصیت وعداوت ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔